بینک دولت پاکستان
شعبہ بینکاری پالیسی وضوابط
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی پی آرڈی سرکلر لیٹر نمبر24 برائے2018ء

18دسمبر2018ء

تمام بینک / مائیکروفنانس بینک

محترم / محترمہ

موبائل بینکاری انٹر آپریبلٹی کے ضوابط

بینک دولت پاکستان نے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی کی مشاورت سے بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 3 برائے 2016ء، بتاریخ 16ء مئی 2016ء کے ذریعے موبائل بینکاری انٹر آپریبلٹی ضوابط جاری کیے۔ ان ضوابط کا مقصد موبائل / برانچ لیس بینکاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا، نظامیاتی ہم آہنگی لانا، معیار بندی متعارف کرانا اور نشانیے طے کرنا تھا۔

2. آسان موبائل اکاؤنٹ اسکیم تھرڈ پارٹی خدمات فراہم کنندگان (ٹی پی ایس پی) کے اہم 'یوز کیسز' کے طور پر ابھری ہے، اسی طرح جیسے، مجاز مالی اداروں اور ٹیلی کام آپریٹرز کا تھرڈ پارٹی خدمات فراہم کنندگان کے ساتھ ارتباط / باہمی ربط آسان موبائل اکاؤنٹ اسکیم کے کامیاب نفاذ کے لیے لازمی ہے۔

3۔ درج بالا اور علی الخصوص مالی شمولیت کی قومی حکمت عملی کے مقاصد و اہداف کے حصول کی غرض سے محولہ بالا ضوابط کی شق (3)9 میں درج ذیل ترمیم کا فیصلہ کیا گیا ہے جو فی الفور نافذ العمل ہو گی:-

"مجاز مالی اداروں اور ٹیلی کام آپریٹرز پر کسی ایک تھرڈ پارٹی خدمات فراہم کنندہ کے ساتھ اشتراک لازم ہے، تاکہ وہ برانچ لیس بینکاری کی متعامل خدمات فراہم کرنے بشمول آسان موبائل اکاؤنٹ اسکیم کے لیے ایک دوسرے کو سہولت دیں۔ اس مقصد کے لیے تمام ٹیلی کام آپریٹرز اور مجاز مالی اداروں کے ساتھ تھرڈ پارٹی خدمات فراہم کنندگان باہمی ربط / خدماتی سطح کے معاہدے کریں گے۔"

4۔ اس موضوع پر دیگر تمام ہدایات برقرار رہیں گی۔

5۔ براہ مہربانی وصولی سے مطلع فرمایئے۔

آپ کا مخلص

(محمد اختر جاوید)

ڈائریکٹر